**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**
**36کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون:042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

**31 - دسمبر 2021**

# پریس ریلیز

## منی بجٹ مہنگائی سے پسی ہوئی عوام پر بد ترین ظلم ہے۔

**لاہور(پ ر)** منی بجٹ مہنگائی سے پسی ہوئی عوام پر بد ترین ظلم ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ غریب عوام کی بنیادی اشیاء ضرورت کو دنیا بھر میں اکثر ٹیکس وغیرہ سے زیادہ سے زیادہ استثنیٰ دیا جاتا ہے تاکہ وہ جان اور جسم کا رشتہ برقرار رکھ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ بڑی گاڑیوں، لگژری اشیاء اور میک اپ کے سامان پر ٹیکس چھوٹ ختم کرنا تو سمجھ میں آتا ہے لیکن دودھ، ماچس، بیکری، ادویات اور سائیکلوں وغیرہ پر ٹیکس چھوٹ ختم کرنا مہنگائی سے چیختی قوم پر کوڑا برسانے کے مترادف ہے۔ اُنہوں نے حکومت کو متنبہ کیا کہ مہنگائی کی وجہ سے حکومت کی مقبولیت پہلے ہی بڑی بری طرح متاثر ہو چکی ہے۔ اس میں مزید اضافہ عوام میں اضطراب پیدا کر دے گا جس سے ملک میں امن وامان کا مسئلہ پیدا ہو سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو یہ فراموش نہیں کرنا چاہیے کہ معیشت کی بدحالی ریاست کی سلامتی پر سوال کھڑا کر دیتی ہے۔ ہر ریاست کا استحکام اُس کی معیشت سے بھی جڑا ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے اپوزیشن حکومت پر تنقید کرنے کا پورا حق رکھتی ہے لیکن اپوزیشن کو بھی اپنا پروگرام دینا چاہیے کہ وہ مہنگائی کو کس طرح ختم یا کم کرے گی۔ درحقیقت قیادتوں کو اب اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے کہ ہماری نجات اور بقاء کا دارومدار اِس پر ہے کہ ہم عالمی ساہوکاروں اور سودی معیشت سے مکمل طور پر نجات حاصل کریں اور وطن عزیز میں اِسلام کے عادلانہ معاشی نظام کو اُس کی حقیقی روح کے ساتھ نافذ کریں۔

**جاری کردہ**

**ایوب بیگ مرزا**
**مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان**

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: Friday 31 December 2021**

## "The mini budget is a merciless oppression of the masses already crushed by rampant inflation."

**(Shujauddin Shaikh)**

**Lahore (PR): "The mini budget is a merciless oppression of the masses already crushed by rampant inflation."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. He noted that economic relief for the poor, such as tax exemptions on items of basic human necessity, is afforded to the hilt in every country on the globe, so that the destitute may be able to, at least, maintain livelihood sustainability. He remarked that while the withdrawal of tax exemptions on posh vehicles, luxury items and plush cosmetics is understandable, however, withdrawing tax exemptions on daily use items such as milk, matchboxes, bakery items, medicines and bicycles etcetera is nothing short than severely lashing the masses already battered and bruised by exorbitant prices. He warned that the popularity of the present government has already eroded due to inflation, and the unrelenting surge in prices would only leave the people more disconcerted and may well lead to a law-and-order situation in the country. The Ameer emphasized that the government ought to bear in mind that economic strife leads to vulnerability in the security situation of a country and the security of every state is linked to its economic health, among other things. The Ameer remarked that the opposition has every right to criticize the government for its woeful economic policies, but must also provide an alternative roadmap for eliminating or curtailing inflation in the country. The Ameer concluded by asserting that it is high time for our national leaderships to realize that it is imperative for us to shun all capitalist money-lending institutions and abolish riba from our economy in order to ensure the salvation and protection of our country and enforce the Islamic economic system in the land in its true spirit – an economic system based on the pristine Islamic principles of social justice.

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**